GALLUP PAKISTAN WIN

رائے عامہ سروے

# عمومی
# جنس

## دنیا بھر میں 6% جوابدہندگان کی نسبت 4% پاکستانیوں کے مطابق انہیں ماضی میں جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری) ،**

(اسلام آباد) ،31 مارچ،2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، دنیا بھر میں 6% جوابدہندگان کی نسبت 4% پاکستانیوں کے مطابق انہیں ماضی میں جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹر نیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے،اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33،236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔خواتین کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے مرد و عورت کی برابری، تشدد اور جنسی زیادتی کے حوالے سے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں، تاکہ اس بات کو سمجھا جاسکے کہ دنیا بھر میں مواقعوں اور حقوق میں برابری کے لحاظ سے کوئی بہتری آئی ہے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 10 اکتوبر سے 11 نومبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹر نیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" کیا گزشتہ 12 ماہ میں خدانخواستہ آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کا کوئی واقعہ پیش آیا یا کسی نے آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کرنے کی کوشش کی؟ "**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں 4% جوابدہندگان کے مطابق ''ہاں'' گزشتہ 12 ماہ میں اُن کے ساتھ جنسی زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے، جبکہ 96% جوابدہندگان کے مطابق ''نہیں'' گزشتہ 12 ماہ میں اُن کے ساتھ جنسی زیادتی کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا ہے۔ جنسی زیادتی کا سامنا کرنے والی خواتین کی شرح اب بھی تقریباً اتنی ہی ہے، دنیا بھر میں سے انٹرویو کی گئیں 9% خواتین کو گزشتہ سال جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ اُس سے پچھلے سال اس حوالے سے شرح 8% تھی۔

" کیا گزشتہ 12 ماہ میں خدانخواستہ آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کا کوئی واقعہ پیش آیا یا کسی نے آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کرنے کی کوشش کی؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 20 اکتوبر تا 11 نومبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**GALLUP PAKISTAN** | **WIN** Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, March 31, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)